# سیکنڈری اسکول پلیسز ایلوکیشن (SSPA) سسٹم 2022/2024
# مرکزی تفویض دہی پر والدین کے لئے نوٹس

1. "Smart Government" حکمت عملی کے مطابق، ایجوکیشن بیورو (EDB) نے 2023 سے سیکنڈری 1 (S1) داخلہ کی ڈیجیٹلائزیشن نافذ کردی ہے۔ EDB والدین کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ پورے S1 ایپلی کیشن کے عمل کے دوران زیادہ آسان اور تیز تر خدمات کے لئے جلد از جلد "iAM Smart+" کے ساتھ اندراج کریں۔ والدین "iAM Smart+" رجسٹریشن کی تفصیلات کے لئے "iAM Smart" موضوعاتی ویب سائٹ (https://www.iamsmart.gov.hk/en/) (منتخب: Home > "iAM Smart" registration > Registration Methods) پر جاسکتے ہیں یا "iAM Smart" موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے کے لئے نیچے کیو آر کوڈ اسکین کرسکتے ہیں۔

2. SSPA e-Platform صارفین کے طور پر رجسٹرڈ **اور اپنے اکاؤنٹ کو "iAM Smart+" سے منسلک** کرنے والے والدین کے لئے، سیکنڈری ون چوائس آف اسکول فارم (چوائس فارم) کے علاوہ، وہ SSPA e-Platform کے ذریعہ پرائمری اسکول میں سینٹرل ایلوکیشن (CA) درخواست جمع کراسکتے ہیں۔ والدین ذیل میں کیو آر کوڈ کو اسکین کرسکتے ہیں اور اپنے بچے کے اسٹوڈنٹ ریفرنس نمبر کے ساتھ ساتھ پرائمری اسکولوں کے ذریعہ تقسیم کردہ ایکٹیویشن کوڈ کے ساتھ SSPA e-Platform اکاؤنٹ رجسٹر کرسکتے ہیں۔ اگر والدین نے صوابدیدی جگہوں (DP) مرحلے پر SSPA e-Platform اکاؤنٹ کو ایکٹیویٹ کیا ہے تو، وہ اپنے بچے کے لئے SSPA e-Platform کے ذریعہ چوائس فارم جمع کرانے کے لئے اسی اکاؤنٹ کا استعمال جاری رکھ سکتے ہیں۔ SSPA e-Platform اکاؤنٹ بنانے اور لاگ ان طریقہ کار کے لئے ، براہ کرم EDB کے ہوم پیج (https://www.edb.gov.hk) پر اپ لوڈ کردہ متعلقہ ویڈیوز اور والدین کی گائیڈ ملاحظہ کریں (منتخب کریں: Home > Education System and Policy > Primary and Secondary Education > School Places Allocation Systems > Secondary School Places Allocation (SSPA) System > Digitalisation of S1 Admission)۔

**<u>SSPA e-Platform</u>**

(https://esspa.edb.gov.hk)

## 3. سینٹرل ایلوکیشن کے لئے انتظامات

موجودہ انتظام

موجودہ انتظام کے مطابق، CA کے مرحلے کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے:

- حصہ A "اسکولوں کے غیر محدود انتخابات": والدین کو اسکولوں کے کسی نیٹ (بشمول طالب علم کے اسکول نیٹ سے) میں سے زیادہ سے زیادہ 3 سیکنڈری اسکولوں کو چُنیں گے۔
- حصہ B "اسکولوں کے محدود انتخابات": والدین کو طالب علم کے اسکول نیٹ میں سے زیادہ سے زیادہ 30 سیکنڈری اسکولوں کو چُنیں گے۔

کمپیوٹر پہلے حصہ A میں تمام طلباء کے اسکولوں کے انتخابات پر کارروائی کرے گا۔ اگر طلباء کو حصہ A کے اسکولوں میں نشستیں نہ دی گئیں تو پھر حصہ B کے اسکولوں کے انتخابات پر کارروائی کی جائے گی۔

SSPA نظام میں شرکت کرنے والے سیکنڈری اسکولوں کے لئے، مکرّر اور DP کی کٹوتی کے بعد، بقیہ S1 نشستوں کو CA کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ CA نشستوں میں سے، 10% کو حصہ A میں اسکولوں کی غیرمحدود انتخابات کی تقسیم کے لئے تفویض کیا جاتا ہے، اور بقیہ 90% کو حصہ B[1] میں اسکولوں کے محدود انتخابات کی تقسیم کے لئے تفویض کیا جاتا ہے۔ والدین کو نوٹ کرنا چاہئے کہ انفرادی سکولوں کے DP اور CA مرحلوں کے لیے S1 نشستوں کی تعداد صرف اندازے پر مبنی ہوتی ہے۔ تقسیم کے لیے نشستوں کی حتمی تعداد ایڈجسٹمنٹ سے مشروط ہو سکتی ہے۔

اسکول کی نشستیں مختص کرنے کے اصول

4. CA طالب علم کے تفویض دہی بینڈز، والدین کی جانب سے اسکولوں کے انتخاب اور بلا ترتیب نمبر پر مبنی ہوتا ہے۔

اندرونی تشخیصات

5. پرائمری 5 (P5) کے اختتام پر، اوردونوں وسط سال میں اور پرائمری 6 (P6) کے اختتام پر معیاری بنائے ہوئے اسکولوں کی جانب سے طلباء کے اندرونی تشخیصات (IA) کے نتائج ان کی تقسیم کے بینڈ کا تعین کرنے کی بنیاد۔

[1] حصہ A اور حصہ B میں فیڈر کی کھلی نشستیں / نامزد کردہ / ٹرین کے ذریعے ان کے منسلک پرائمری اسکولوں کے لئے مختص نشستوں کی کٹوتی کے بعد حساب کیا جاتا ہے۔ تفصیلات کے لئے، براہ مہربانی اس نوٹ کے پیراگراف 20 اور 21 سے رجوع کریں۔

اسکیلنگ کا طریقہ کار

6. چونکہ مختلف اسکولوں کے نصاب مختلف ہو سکتے ہیں اور اسکولوں میں تشخیص کا معیار مختلف ہو سکتا ہے، اس لئے یہ مناسب نہیں ہے کہ تقسیم کے مقصد کی خاطر میرٹ کی ایک ترتیب تشکیل کرنے کے لئے تمام اسکولوں کی داخلی تشخیص (IA) کے نتائج کو براہ راست استعمال کیا جائے۔ لہٰذا، شرکت کرنے والے تمام اسکولوں کی (IA) کے نتائج کی اسکیلنگ کے لئے اسکیلنگ کا ایک طریقہ استعمال کیا جاتا ہے تاکہ ان کے اسکیل شدہ نمبروں کا موازنہ کیا جا سکے۔ 2022/2024 کے SSPA میں CA کے لئے، اسکول کے 2016 اور 2018 میں ہونے والے پری سیکنڈری ایک ہانگ کانگ اسکول ٹیسٹ برائے حصول معلومات (Pre-Secondary 1 Hong Kong Attainment Test) کے نمونہ شدہ نتائج کی اوسط کو اسکیلنگ کے ایک ذریعے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

تفویض دہی بینڈز

7. طلباء کو ان کے حاصل کردہ نمبروں کے مطابق میرٹ کی ایک ترتیب میں رکھا جاتا ہے اور تقسیم کے تین بینڈز میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ حصہ A میں اسکولوں کے غیرمحدود انتخابات پر کارروائی کرنے میں، ٹیریٹری میں تمام طلباء کے حاصل کردہ نمبروں کو میرٹ کی ایک ترتیب میں رکھا جائے گا۔ پھر طلباء کو مساوی طور پر تین علاقہ وار بینڈز میں تقسیم کیا جائے گا جن میں سے ہر ایک بینڈ ٹیریٹری کے شرکت کرنے والے پرائمری طلباء کی کل تعداد کے ایک-تہائی پر مشتمل ہوگا۔ حصہ B میں اسکولوں کے محدود انتخابات پر کارروائی کرنے میں، ایک ہی اسکول نیٹ کے اندر تمام طلباء کے حاصل کردہ نمبروں کو میرٹ کی ایک ترتیب میں رکھا جائے گا۔ پھر طلباء کو مساوی طور پر تین نیٹ بینڈز میں تقسیم کیا جائے گا جن میں سے ہر بینڈ اسکول نیٹ کے شرکت کرنے والے پرائمری طلباء کی کل تعداد کے ایک-تہائی پر مشتمل ہوگا۔ انفرادی طلباء کا تفویض دہی بینڈ کو تفویض دہی کے عمل کے مکمل ہو جانے کے بعد حاصل نہیں کیا جائے گا۔

بلا ترتیب عدد

8. بلا ترتیب عدد، جس کو کمپیوٹر مرکزی تفویض پروگرام کو چلانے سے پہلے پیدا کرتا ہے، تقسیم کے ایک ہی بینڈ کے اندر طلباء کی تقسیم کی ترتیب کا تعین کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اگر ایک مخصوص سیکنڈری اسکول کی نشستوں کی طلب رسد کی نسبت بڑھ جائے، تو تقسیم کے ایک ہی بینڈ کے اندر نسبتاً ایک چھوٹے بلا ترتیب عدد کے حامل طالب علم کو ایک نشست پہلے دی جائے گی۔ بلا ترتیب عدد کا کوئی تعلق " طالب علم کے ریفرینس نمبر" یا طالب علم کے ذاتی کوائف سے نہیں ہوتا ہے۔ تفویض دہی کے عمل کے دوران، ہر طالب علم کو صرف ایک بلا ترتیب عدد تفویض کیا جائے گا۔ یہ بلا ترتیب عدد تفویض دہی کے عمل کے مکمل ہو جانے کے بعد حاصل نہیں کیا جائے گا۔

اسکولوں اور اسکول نیٹس کے لئے والدین کا انتخاب

9. والدین حصہ A "اسکولوں کے غیر محدود انتخابات" میں اسکولوں کے کسی نیٹ میں زیادہ سے زیادہ تین سیکنڈری اسکولوں کا اور حصہ B " اسکولوں کے محدود انتخابات" میں اس نیٹ، جس سے طالب علم تعلق رکھتا ہے، سے میں زیادہ سے زیادہ 30 سیکنڈری اسکولوں کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

10. ڈسٹرکٹ انتظامیہ حدود کے ساتھ ہم آہنگی میں، پورے علاقے کو 18 اسکولی نیٹس میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ماسوائے ان طلباء کے، جن کی کراس نیٹ تقسیموں کی درخواستیں منظور ہو گئی ہوں، اسکول نیٹ جس کے ساتھ ایک طالب علم تعلق رکھتا ہو، کا تعین اس پرائمری اسکول کے محل وقوع سے کیا جا تا ہے، نہ کہ اس ضلع سے جہاں طالب علم رہائش پذیر ہو۔ ہر اسکول نیٹ طبعی طور پر ضلع میں واقع شرکت کرنے والے تمام پرائمری اور سیکنڈری اسکولوں اور دوسرے اضلاع میں واقع نیٹ کے لئے اسکول نشستیں فراہم کرنے والے سیکنڈری اسکولوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ دیگر ڈسٹرکٹس سے سیکنڈری اسکولوں اور اسکول کے نشستیں سال بہ سال مختلف ہو سکتی ہیں۔

اسکول نشستوں کی تقسیم کا عمل

11. CA کے وقت، حصہ A میں "اسکولوں کے غیر محدود انتخابات" پر کارروائی پہلے کی جائے گی، جس کے بعد حصہ B میں " اسکولوں کے محدود انتخابات " پر کارروائی ہوگی۔

12. حصہ A میں "اسکولوں کے غیر محدود انتخابات" پر کارروائی کرتے وقت، کمپیوٹر ٹیریٹری بینڈ1 (علاقائی گروہ 1) کے طلباء کو نشستیں تقسیم کرے گا۔ تقسیم کا عمل یوں ہے: کمپیوٹر پہلے ٹیریٹری بینڈ 1 کے طلباء کی جانب سے "اسکولوں کے غیر محدود انتخابات" کے تحت کئے گئے اسکولوں کے اولین انتخابات کی جانچ کرے گا اور غیر محدود تقسیم کے لئے الگ رکھی گئی نشستیں پُر کرنے کے لئے طلباء میں تقسیم کرے گا۔ اگر اسکول میں دستیاب نشستیں اسکول کو چُننے والے طلباء سے زائد ہوں، تو یہ نشستیں اس اسکول کو پہلی پسند کے طور پر چُننے والے تمام طلباء کو تقسیم کر دی جائیں گی۔ اگر کسی اسکول میں دستیاب نشستیں اسکول کا انتخاب کرنے والے طلباء سے زیادہ ہوں تو، تمام طلباء جو اس اسکول کوپہلا انتخاب کرتے ہیں ان کو مختص کریں گے۔ ۔ اگر کسی اسکول میں دستیاب نشستیں اسکول کا انتخاب کرنے والے طلباء سے زیادہ ہوں تو، اس اسکول کی نشستوں کو پُر کرنے کے لئے چھوٹے بلا ترتیب عدد رکھنے والے طلباء کو مختص کی جائیں گی۔ ٹیریٹری بینڈ 1 کے تمام طلباء کے پہلے انتخابات پر کارروائی کرنے کے بعد، کمپیوٹر اسی طریقہ کار سے بینڈ میں موجود غیر تقسیم شدہ طلباء کے دوسرے انتخابات (اگر کوئی ہوں) کی جانچ کرے گا اور آخر میں، ان کے تیسرے انتخابات (اگر کوئی ہوں) کی جانچ کرے گا۔ جب ٹیریٹری بینڈ 1 کے طلباء کے اسکولوں کے تمام انتخابات کی جانچ کر لی جاتی ہے، تو کمپیوٹر ٹیریٹری بینڈ 2 کے طلباء اور آخر میں ٹیریٹری بینڈ 3 کے طلباء کے اسکولوں کے انتخابات پر کارروائی کرنے کے لئے اسی طریقہ کار کو استعمال کرتا ہے۔

13. کمپیوٹر حصہ B میں "اسکولوں کے محدود انتخابات" پر کارروائی صرف طلباء کی جانب سے کئے جانے والے حصہ A میں اسکولوں کے انتخابات پر کارروائی ہو جانے کے بعد کرے گا۔ حصہ A میں ایک نشست حاصل کرنے میں کامیاب ہونے والے طالب علم کو حصہ B میں نشست نہیں دی جائے گی۔ اگر حصہ A میں موجود طلباء کے تمام انتخابات ختم ہوجانے کے بعد طلباء کو نشستیں نہ دی جا سکیں تو انہیں حصہ B میں سے نشستیں دی جائیں گی۔

14. حصہ B میں نشستوں کی تقسیم اسکول نیٹ کے ذریعے کی جاتی ہے۔ اس حصے میں "اسکولوں کے محدود انتخابات" کو تقسیم کی کاروائی کرتے وقت، کمپیوٹر پہلے نیٹ بینڈ 1 کے طلباء کو اسکول نشستیں تقسیم کرے گا۔ تقسیم کا عمل یوں ہے: کمپیوٹر پہلے نیٹ بینڈ 1 کے طلباء کی جانب سے کئے گئے اسکولوں کے اولین انتخابات کی جانچ کرے گا۔ اگر ایک اسکول میں محدود تقسیم کے لیے الگ رکھی گئی نشستیں اسکول کو چُننے والے طلباء سے زائد ہوں گی، تو یہ نشستیں اس اسکول کو پہلے انتخاب کے طور پر چُننے والے تمام طلباء میں تقسیم کر دی جائیں گی۔ اگر یکساں نیٹ بینڈ میں اسکول کو اپنی پہلی پسند کے طور پر منتخب کرنے والے طلباء کی تعداد دستیاب نشستوں سے زائد ہوں، تو یہ نشستیں پہلے تو نسبتاً چھوٹے بلا ترتیب عدد کے حامل طلباء کو تقسیم کر دی جائیں گی، جب تک کہ اس حصے میں اُس اسکول کی نشستیں مکمل طور پر استعمال ہو جائیں۔ جب نیٹ بینڈ 1 کے تمام طلباء کے پہلے انتخابات پر کارروائی ہو جاتی ہے تو، کمپیوٹر اسی طریق کار سے بینڈ میں موجود غیر تقسیم شدہ طلباء کے دوسرے انتخابات کی جانچ کرے گا اور اس عمل کو دہرایا جائے گا تاوقتیکہ نیٹ بینڈ 1 کے طلباء کے اسکولوں کے ہر انتخاب کی جانچ ہو جائے۔ ان طلباء کے لیے، جنہیں ان کے اسکولوں کے تمام انتخابات کے ختم ہو جانے کے بعد ایک نشست نہ ملی ہو، کمپیوٹر اسکول نیٹ میں موجود سیکنڈری اسکولوں[2] کی بقیہ نشستوں میں سے ایک نشست دے گا۔ جب نیٹ بینڈ 1 کے تمام طلباء میں اسکول کی نشستیں تقسیم کر دی جائیں گی، تو کمپیوٹر نیٹ بینڈ 2 کے طلباء اور آخر میں نیٹ بینڈ 3 کے طلباء کے اسکولوں کے انتخابات پر کارروائی کرنے کے لیے یہی طریق کار استعمال کرے گا۔

2 ڈائریکٹ سبسڈی سکیم اسکولوں (DSS) اور ان اسکولوں کے علاوہ جن پر یہ تبصرہ درج ہو کہ "طلباء کو اس اسکول میں نشست نہیں دی جائے گی، تاوقتیکہ انہوں نے اس کو اپنے انتخابات میں شامل نہ کیا ہو۔"

تقسیم کے طریقۂ کار کی مثال

15. تقسیم کے طریقۂ کار کی ایک آسان شدہ مثال حسبِ ذیل ہے:

طالب علم

- نام: چان سی منگ (CHAN Si Ming)
- علاقائی بینڈ: بینڈ 1
- اسکول نیٹ: HK3
- نیٹ بینڈ: بینڈ 1
- اسکولوں کے انتخابات:

| | | |
|---|---|---|
| حصہ A (زیادہ سے زیادہ: 3 اسکولز) | پہلا انتخاب: | اسکول A |
| | دوسرا انتخاب: | اسکول B |
| | تیسرا انتخاب: | اسکول C |
| حصہ B (زیادہ سے زیادہ: 30 اسکولز) | پہلا انتخاب: | اسکول B |
| | دوسرا انتخاب: | اسکول D |
| | تیسرا انتخاب: | اسکول E |
| | ⋮ | ⋮ |

حصہ A: "غیرمحدود اسکول انتخابات"

- ٹیریٹری بینڈ 1 کے طلباء کی تعداد: 25 000
- ٹیریٹری بینڈ 1 میں طلباء کی تعداد میں جو اسکول A کو پہلا انتخاب منتخب کرتے ہیں: 350
- اسکول A میں غیر محدود اسکول انتخابات کے لئے اسکول نشستوں کی تعداد: 15

16. یہ فرض کرتے ہوئے کہ CA کے مرحلے پر حصہ A میں اسکول A کو اپنے پہلے انتخاب کے طور پر چُننے والے 350 ٹیریٹری بینڈ 1 کے طلباء موجود ہیں۔ چونکہ اسکول A غیر محدود تقسیم کے لئے صرف 15 نشستیں پیش کرتا ہے، کمپیوٹر اسکول A میں پہلے یہ نشستیں 15 طلباء کو ان کے بلا ترتیب عدد کے لحاظ سے پُر کرنے کے لئے دے گا۔ اگر چان سی منگ CHAN Si Ming's کا بلاترتیب عدد پہلے 15 طلباء میں ہوا، تو اس کو اسکول A میں نشست دے دی جائے گی۔ بصورت دیگر، وہ اپنی پہلی پسند کے اسکول میں نشست حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہوگا/ہوگی۔ کمپیوٹر ٹیریٹری بینڈ 1 کے تمام طلباء کے پہلے انتخابات پر کارروائی کرے گا، اس سے پہلے کہ چان سی منگ CHAN Si Ming's اور ٹیریٹری بینڈ 1 کے دیگر غیر تقسیم شدہ طلباء کے دوسرے انتخاب پر کارروائی کی جائے۔

17. فرض کریں کہ ٹیریٹری بینڈ 1 کے 15000 طلباء کو ان کے پہلے انتخاب کی نشستیں نہیں دی گئیں۔ ان میں سے، 300 (بشمول چان سی منگ CHAN Si Ming's ) اسکول B کو اپنے دوسرے انتخاب کے طور منتخب کیا ہے۔ اگر تقسیم کے پہلے راؤنڈ کے بعد اسکول B کے پاس صرف دو غیر پُر شدہ نشستیں رہ گئیں، تو کمپیوٹر ان نشستوں کو سب سے چھوٹے بلا ترتیب عدد کے حامل دو طلباء کو دے دے گا۔ اگر چان سی منگ CHAN Si Ming's کا بلا ترتیب عدد ان دو طلباء میں نہیں ہے، تو اس کو اسکول B میں نشست نہیں ملے گی۔ ٹیریٹری بینڈ 1 کے تمام طلباء کے دوسرے انتخابات پر کارروائی ہو جانے کے بعد کمپیوٹرغیر تقسیم شدہ طلباء کے تیسرے انتخابات پر کارروائی کرنا جاری رکھے گا۔ اگر تقسیم کے تیسرے راؤنڈ کے انجام دئیے جانے سے پہلے ہی چان سی منگ CHAN Si Ming's کے تیسرے انتخاب کے اسکول کی تمام نشستیں پُر ہو گئیں، تو چان سی منگ CHAN Si Ming's کو حصہ A کے تحت نشست نہیں دی جائے گی اور اس کو حصہ B میں ایک اسکول نشست دے دی جائے گی جہاں اس کے "اسکولوں کے محدود انتخابات" پر کارروائی کی جائے گی۔

<u>حصہ B: "محدود اسکولوں کے انتخابات"</u>

| | |
|---|---|
| • طالب علم کا اسکول نیٹ: | HK3 |
| • HK3 میں نیٹ بینڈ 1 کے طلباء کی تعداد: | 1 000 |
| • HK3 میں اسکول B کو پہلے انتخاب کے طور پر چُننے والے نیٹ بینڈ 1 کے طلباء کی تعداد: | 150 |
| • اسکول B میں HK3 کے لئے دستیاب نشستوں کی تعداد: | 100 |

18. حصہ A میں تمام طلباء کے "غیر محدود اسکول انتخابات" کی جانچ کرنے کے بعد، کمپیوٹر حصہ B میں "اسکولوں کے محدود انتخابات" پر کارروائی شروع کر دے گا۔ فرض کریں کہ ان طلباء، جنہیں حصہ A میں نشستیں نہیں دی گئیں، میں سے اسکول نیٹ HK3 میں اسکول B کو اپنے پہلے انتخاب کے طور پر انتخاب کرنے والے 150 نیٹ بینڈ 1 طلباء موجود ہیں (بشمول CHAN Si Ming)۔ اگر اسکول B اسکول نیٹ کے طلباء کے لیے صرف 100 اسکول کی نشستیں پیش کر سکتا ہے تو کمپیوٹر اسکول کے 100 طلباء کو طلباء کے بلا ترتیب عدد کے لحاظ سے نشستیں تقسیم کر دے گا۔ اگر CHAN Si Mingکا بلاترتیب عدد پہلے 100 طلباء میں ہوا، تو اس کو اسکول B میں نشست دے دی جائے گی۔ بصورت دیگر، وہ اپنی پہلی پسند کے اسکول میں نشست حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہوگا/ہوگی۔ اگر CHAN Si Ming کو اپنے اسکول کے پہلے انتخاب کی نشست نہیں دی جاتی، تو اس کے دوسرے انتخاب پر، یکساں نیٹ بینڈ میں تمام غیر تقسیم شدہ طلباء کے دوسرے انتخابات کے ساتھ نیٹ بینڈ 1 کے تمام طلباء کے پہلے انتخابات کی جانچ ہو جانے کے بعد کارروائی کی جائے گی۔ فرض کریں کہ بیٹ بینڈ 1 کے 400 طلباء کو پہلے انتخاب کی نشستیں نہیں دی جاتیں اور ان میں سے 30(بشمول CHAN Si Ming) اسکول D کو اپنے دوسرے انتخاب کے طور پر منتخب کر لیتے ہیں. یہ فرض کرتے ہوئے کہ اسکول D کے پاس پہلے راؤنڈ کی تقسیم کے بعد صرف 10 نشستیں باقی ہیں، تو کمپیوٹر طلباء کو ان کے بلا ترتیب عدد کی بنیاد پر نشستیں تقسیم کر دے گا۔ اگر CHAN Si Ming اسکول D میں ایک نشست حاصل کرنے میں کامیاب نہ ہوا/ہوئی کیونکہ وہ سب سے چھوٹے بلا ترتیب عدد کے حامل 10 طلباء میں شامل نہیں، تو کمپیوٹر CHAN Si Ming اور یکساں نیٹ بینڈ کے غیر تقسیم شدہ طلباء کے تیسرے اور بقیہ انتخابات پر کارروائی کرنے کے لیے مذکورہ بالا طریقہ ہائے کار پر عمل کرے گا، تاوقتیکہ انہیں اسکول نشستیں حاصل ہو جائیں۔

19. فرض کریں CHAN Si Ming’s کا/کی اسکول میٹ (اسکول کا ساتھی) LEE Siu Man بھی ٹیریٹری بینڈ 1 اور نیٹ بینڈ 1 میں ہے اور اس نے CHAN Si Ming’s والے اسکول انتخاب ہی کئے ہیں۔ چونکہ ایک ہی ٹیریٹری یا نیٹ بینڈ میں تقسیم کی ترتیب کا تعین طالب علم کے بلا ترتیب عدد سے کیا جاتا ہے، اس لئے ہو سکتا ہے CHAN Si Ming’s کو LEE Siu Man کی نسبت ایک کمتر ترجیح کے اسکول نشست مل جائے، حتی کہ CHAN کی داخلی تشخیص (IA) کے نتائج LEE کی نسبت بہتر ہوں۔ یہ بات سیکنڈری اسکولوں میں مخلوط تدریس کی قابلیت کی روح کے ساتھ ہم آہنگ ہے۔

<u>فیڈر اور نامزد کردہ اسکول</u>

20. ایک فیڈر سیکنڈری اسکول ریپیٹر (مکرّر) اور DP کو منہا کرنے کے بعد، باقی ماندہ نشستوں کے 85% کو اپنے فیڈر پرائمری اسکول (اسکولوں) کے لئے مخصوص کرنا ہو گا۔ ایک نامزد سیکنڈری اسکول ریپیٹر (مکرّر) اور DP کو منہا کرنے کے بعد، باقی ماندہ نشستوں کے 25% کو اپنے نامزد پرائمری اسکول (اسکولوں) کے لئے مخصوص کرنا ہو گا۔ ایک فیڈر/ نامزد کردہ اسکول میں پڑھنے والا/والی طالب علم/طالبہ ایک مخصوص نشست کے لئے اہل ہے اگر وہ نیٹ بینڈ 1 یا 2 میں ہو اور اس نے حصہ B کے "اسکولوں کے محدود انتخابات" میں فیڈر/ نامزد کردہ سیکنڈری اسکول کو اپنے پہلے انتخاب کے طور پر چُنا ہو۔ اگر اہل طلباء کی تعداد دستیاب فیڈر/ نامزدہ کردہ نشستوں سے بڑھ گئی، تو اسکول نشستوں کی تقسیم طلباء کے نیٹ بینڈ اور ان کے بلا ترتیب عدد کی بنیاد پر ہوگی۔ اگر ایک فیڈر/نامزد پرائمری اسکول میں پڑھنے والے طالب علم کو کراس نیٹ تفویض دہی کے لئے منظور کیا جاتا ہے، تو وہ ایک فیڈر/نامزد سیکنڈری اسکول(اسکولوں) کے لئے محفوظ کردہ جگہ کے لئے اہل نہیں ہو گا۔

<u>" تھرو-ٹرین " اسکول</u>

21. "تھرو-ٹرین" اسکولوں میں پڑھنے P6 طلباء اپنے مربوط سیکنڈری اسکولوں میں براہ راست جانے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ اگر طلباء ڈائریکٹ سبسڈی اسکیم DSS کی S1 نشستوں کے لئے درخواست دیتے ہیں جو SSPA سسٹم (NDSS سیکنڈری اسکولوں) یا حصہ لینے والے اسکولوں کے DP میں <u>حصہ نہیں لیتے</u> ہیں، یاCA میں حصہ لیتے ہیں، تو انہیں اپنے منسلک سیکنڈری اسکولوں میں براہ راست آگے بڑھنے کا حق برقرار رکھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ "تھرو-ٹرین" اسکولوں سے، اصولی طور پر، درکار ہے کہ وہ DP یا CA کے ذریعے دیگر پرائمری اسکولوں کے طلباء کو داخلہ دینے کے لئے اپنی S1 نشستوں کی کل تعداد کے 15% سے زیادہ نشستیں مخصوص کریں۔

**مرکزی تفویض کا انتخاب کرنے کے لیے دستاویزات اور سیکنڈری ون چوائس آف سکول فارمز کی جمع آوری**

22. SSPA نظام میں شرکت کرنے P6 کے طلباء کے والدین میں مندرجہ ذیل دستاویزات میں سے ہر ایک کی ایک نقل تقسیم کی جائے گی:

- اسکولوں کے انتخاب کا سیکنڈری وَن فارم (چوائس فارم) اسکول کی ترجیحی ترتیب کی نشاندہی کرنے کے لئے
- چوائس فارم کے حصہ B میں "اسکولوں کے محدود انتخابات" کو پُر کرتے وقت حوالے کے لئے طلباء کے اسکول نیٹ کے سیکنڈری اسکول کی فہرست (اسکول کی فہرست )۔

23. SSPA نظام میں شرکت کرنے والے ہر پرائمری اسکول کو غیر محدود اسکول انتخابات کی کتابچہ (ہینڈ بک ) کی کئی نقول ملیں گی۔ والدین کو چاہیے کہ چوائس فارم کے حصہ A میں "غیر محدود اسکول انتخابات" کو پُر کرتے وقت کتابچہ سے رجوع کریں۔ SSPA e-Platform صارفین کے طور پر رجسٹرڈ والدین کے لیے، وہSSPA e-Platform پر ہینڈ بک اور اسکول فہرستوں کا آن لائن ورژن بھی براؤز کرسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ والدین EDB ہوم پیج (http://www.edb.gov.hk) پر بھی جا سکتے ہیں اور ہینڈ بک اور اسکول فہرستوں کے آن لائن ورژن کے لئے نیچے دیئے گئے طریقے پر عمل کرسکتے ہیں[3]: Education System and Policy > Primary and Secondary Education > School Places Allocation Systems > Secondary School Places Allocation (SSPA) System

24. پیپر چوائس فارم کی 3 نقول ہوتی ہیں، EDB نقل، اسکول کی نقل اور والدین کی نقل۔ والدین کو چاہیے کہ فارم کو بلیک بال پین کے ساتھ مکمل کریں۔ والدین کو مئی 2024 کے اوائل تک اپنے بچوں کے پرائمری اسکولوں کے ذریعے EDB کو مکمل شدہ چوائس فارم واپس کرنا ہوگا۔ وہ والدین جو کہ SSPA ای-پلیٹ فارم صارفین کے طور پر مندرج ہوں **اور ان کا اکاؤنٹ "iAM Smart +"[4] سے منسلک ہو تو**، پیپر چوائس فارم کے علاوہ، وہ SSPA e-Platform کے ذریعہ 9 اپریل 2024 سے 6 مئی 2024 تک چوائس فارم بھی جمع کراسکتے ہیں۔

25. والدین SSPA e-Platform کے ذریعے اور اسی بچے کے لئے کاغذی شکل میں دوہری درخواستیں جمع نہ کریں۔

26. چاہے چوائس فارمز SSPA e-Platform یا کاغذی صورت کے ذریعے جمع کروائے جائیں، چوائس فارم کو پُر کرنے سے پہلے والدین کو چاہیے کہ جائزہ لے لیں کہ فارم میں معلومات وہی ہیں جو ان کے بچے کی ہیں:

| | |
|---|---|
| طالب علم ریفرینس نمبر: | یہ وہی ہونا چاہئے جیسا کہ پہلے جاری کردہ "پرائمری 6 اسٹوڈنٹ ریکارڈ فارم" میں چھپا ہوا اسٹوڈنٹ ریفرینس نمبر ہے۔ |
| طالب علم کا نام: | اگر درست ہوں تو، براہ مہربانی پہلے سے چھپے ہوئے انگریزی نام کے اوپر طالب علم کا چینی نام (اگر کوئی ہو تو) لکھیں (صرف پیپر چوائس فارمز کے لیے قابل اطلاق)۔ طالب علم کا چینی نام (اگر کوئی ہو SSPA ای-پلیٹ فارم میں ظاہر کیا جائے گا۔ |
| جنس: | "M" کا مطلب ہے مرد، "F" کا مطلب ہے عورت۔ |
| طالب علم کا اسکول نیٹ: | یہ وہی ہونا چاہئے جو اسکول کی فہرست کے اوپر والے بائیں کونے پر چھپا ہوا کوڈ ہے؛ مثلاً مرکزی اور مغربی ضلع (یعنی اسکول نیٹ HK1) میں ایک پرائمری اسکول میں پڑھنے والے طالب علم کی اسکول کی فہرست HK1 کے لئے ہونی چاہئے۔ |

اگر فارم میں موجود معلومات اور ان کے بچے کی معلومات کے درمیان فرق آرہا ہے، تو والدین کو اپنے بچے کے موجودہ اسکول سے فوری رابطہ کرنا چاہیے۔

27. ایک مرتبہ نشستوں کی تقسیم مکمل ہوجانے کے بعد دوبارہ کوئی تقسیم نہیں ہوگی۔ اس لیے والدین کو اسکولوں کا انتخاب کرنے سے پہلے احتیاط سے غور کرنا چاہیے، ہینڈ بک اور اسکول لسٹ میں اسکول کے متعلق تبصرہ(تبصروں) پر توجہ دینی چاہیے، اگر کوئی ہوں۔ ان کی طرف سے اپنے بچے کے حاضری والے اسکول سے بھی مشورہ لیا جا سکتا ہے۔

[3] آن لائن ورژن ہینڈ بک اور اسکول فہرستوں دونوں کے تازہ ترین ورژن پر مشتمل ہے۔

**<u>SSPA e-Platform فارم کے ذریعے چوائس فارم کا پُر کیا جانا (والدین کے لیے جو اپنے اکاؤنٹ کو "iAM Smart+" سے منسلک کرتے ہیں)</u>**

28. SSPA e-Platform میں لاگ ان کرنے کے بعد، براہ مہربانی "درخواست برائے سنٹرل لوکیشن (CA)" کے تحت "ابھی درخواست دیں" کو منتخب کریں، تاکہ چوائس فارم کے لیے صفحہ میں داخل ہوا جائے۔
29. رابطہ کی معلومات پُر کرنے کے بعد، والدین کو اپنے بچے کی صورت حال کے مطابق صفحہ کے نیچے "مرکزی تفویض کے لیے درخواست دیں" کے اختیارات میں سے انتخاب کرنا چاہیے:

- ایسے طلبا کے لیے جنہیں CA کے ذریعے S1 نشستیں تفویض کرنے کی ضرورت ہوتی ہے (یعنی وہ طلبا جنہیں حصہ لینے والے اسکولوں نے کامیاب DP درخواست دہندہ کے طور پر مطلع نہیں کیا ہے، اور انہیں Jockey Club Ti-I College یا NDSS سیکنڈری اسکول نے داخلہ نہیں دیا ہے)، براہ مہربانی "اسکول فارم کی سیکنڈری ون چوائس پر اسکول کے انتخابات کریں" کو منتخب کریں (براہ مہربانی نیچے دیے گئے خاکہ سے رجوع کریں) تاکہ **حصہ A**اور **حصہ B** میں اسکول کے انتخابات کے حصے کو داخل کر پائیں۔




- ایسے طلباء جنہیں اسکول انتخابات کی ضرورت **نہیں ہے** (یعنی کہ جن طلباء کو شرکت کرنے والے اسکولوں کی طرف سے بطور کامیاب DP درخواست گزاران مطلع کیا گیا ہو، یا جنہیں (Jockey Club Ti-I College یا NDSS سیکنڈری اسکول کی طرف سے داخلہ دیا گیا ہو) تو، براہ مہربانی انہیں "سیکنڈری ون چوائس آف اسکولز فارم پر اسکول کے انتخابات کرنے کی ضرورت نہیں ہے" کو منتخب کریں (براہ مہربانی نیچے دیے گئے خاکہ کو دیکھیں) تاکہ چوائس فارم کی تصدیق اور جمع آوری کے ساتھ ساتھ، حصہ A اور حصہ B میں اسکول انتخاب کے حصوں کو چھوڑا جا سکے اور "iAM Smart+" کے ساتھ ڈیجٹلی دستخط کیا جا سکے۔




- ایسے طلباء کے لیے جنہیں SSPA سسٹم کے ذریعے سبسڈی والی S1 نشست تفویض کرنے کی ضرورت **نہیں ہے** (مثال کے طور پر، طلباء جو مین لینڈ چین میں تعلیم حاصل کریں گے)، اور **SSPA سسٹم میں شرکت ترک** کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو، براہ مہربانی "SSPA سسٹم کے ذریعے سبسڈی شدہ S1نشست کی تفویض کی ضرورت نہیں ہے" کو منتخب کریں (براہ مہربانی نیچے دیے گئے خاکہ کو دیکھیں) تاکہ چوائس فارم کی تصدیق اور جمع آوری کے ساتھ ساتھ، حصہ A اور حصہ B میں اسکول انتخاب کے

حصوں کو چھوڑا جا سکے اور "iAM Smart+" کے ساتھ ڈیجٹلی دستخط کیا جا سکے۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ اگر والدین آپشن کو منتخب کرتے ہیں، تو طالب علم SSPA سسٹم میں حصہ لینا چھوڑ دے گا، اور ایلوکیشن کے نتائج کے اعلان کے دن ایلوکیشن کے نتائج موصول نہیں ہوں گے۔




30. ان والدین کے لئے جنہوں نے " سیکنڈری ون چوائس آف سکول فارمز پر انتخاب کرنا" کا انتخاب کیا ہے، براہ کرم نوٹ کریں کہ:

a. **"حصہ A - غیر محدود اسکول انتخابات"** کے صفحہ پر، والدین اپنی ترجیح کے مطابق کسی بھی اسکول نیٹ سے ایک سے تین سیکنڈری اسکولوں کا انتخاب کر سکتے ہیں (بشمول ان کا بچہ جس اسکول نیٹ سے تعلق رکھتا ہے)۔ والدین اسکول کوڈ(کوڈز) یا اسکول کے نام (ناموں) کو ڈال کر اسکول(اسکولوں) کو تلاش / منتخب کرسکتے ہیں، یا پیج کے دائیں ہاتھ کی جانب پر "حصہ A کے لیے علاقہ وار اسکول فہرست – لا محدود اسکول انتخابات" میں سے اسکول کوڈ(کوڈز) یا اسکول کے نام(ناموں) کو ڈال کر تلاش / منتخب کر سکتے ہیں۔ منتخب کردہ اسکول (اسکولوں) کے پتے تصدیق کے لیے پیج پر دکھائے جائیں گے۔

b. **"حصہ B – محدود اسکول انتخابات"** کو پُر کرتے وقت، والدین اسکول کوڈ (کوڈز) یا اسکول کے نام (ناموں) کو ڈال کر، اسکول (اسکولوں) کو تلاش/ منتخب کر سکتے ہیں، یا پیج کے دائیں ہاتھ پر اپنے بچوں کے متعلقہ اسکول نیٹ سے سیکنڈری اسکولوں کی فہرست سے اسکول(اسکولوں) کو فلٹر کر سکتے ہیں اور منتخب کر سکتے ہیں۔ **والدین کو چاہیے کہ وہ اپنی ترجیح کے مطابق اسکولوں کا انتخاب کریں اور جہاں تک ممکن ہو 30 انتخابات کو پُر کریں۔**اگر کمپیوٹر کسی طالب علم کو اس کے تمام انتخاب کی جانچ پڑتال کے بعد جگہ مختص نہیں کرسکتا ہے تو ، اسے اس کی پسند سے باہر ایک ثانوی اسکول مختص کیا جائے گا۔

c. والدین دونوں حصوں A اور B میں ایک ہی اسکول (اسکولوں) کا انتخاب کرسکتے ہیں اگر اس اسکول نیٹ میں اسکول (اسکولوں) کا وقوع ہو جن سے ان کا بچہ تعلق رکھتا ہے۔ تاہم، اگر ایک ہی حصے میں بار بار اسکول کے انتخاب ہوتے ہیں تو، سسٹم کی طرف سے ایک پیغام پاپ اپ کیا جائے گا تاکہ والدین کو تصحیح کی یاد دہانی کرائی جائے۔ حصوں A اور B میں اسکول کے انتخاب کو پُر کرنے کے بعد، والدین کو احتیاط سے اسکول کوڈز، اسکول کے نام اور اضلاع کی جانچ کرنی چاہیےکہ وہ ترتیب سے ہیں۔ مرکزی تفویض اور ذاتی معلومات کے جمع آوری بیان پر والدین کے لیے نوٹس پڑھیں اور تسلیم کریں۔ پھر چوائس فارم کی **تصدیق اور جمع آوری** کے ساتھ "iAM Smart+" کے ساتھ ڈیجیٹل طور پر دستخط کریں۔

31. بڑی تعداد میں درخواستوں سے موثر طریقے سے نپٹنے کے لیے، **SSPA ای-پلیٹ فارم میں ہر لاگ ان 30 منٹوں تک محدود ہے**۔ اگر ضروری ہو تو، والدین "ڈرافٹ کے طور پر محفوظ کریں" کے فنکشن کا عمدہ استعمال کر سکتے ہیں، اور اگلے لاگ ان سیشن پر متعلقہ درخواست کی جمع آوری جاری رکھ سکتے ہیں۔ "ڈرافٹ کے طور پر محفوظ کریں" کی حیثیت کے تحت چوائس فارمز کے لیے، براہ مہربانی نوٹ کریں کہ والدین کو "iAM Smart+" کے ساتھ ڈیجیٹل طور پر دستخط کرنا ہوں گے، اور آخری تاریخ سے پہلے درخواست کے طریقہ کار کو مکمل کرنے کے لیے چوائس فارم اپنے بچے کے اسکول میں جمع کرانا چاہیے۔ کامیاب جمع آوری کے بعد

انفرادی آوری سٹیٹس کو "جمع شدہ" کے طور پر اپ ڈیٹ کر دیا جائے گا۔ اسی وقت، والدین کو SSPA ای-پلیٹ فارم کی طرف سے جاری کردہ ایک اعترافی ای میل موصول ہوگا۔

**Application History**

| Form Name | Status | Date Submitted |
|---|---|---|
| Secondary One Choice of Schools Form | SUBMITTED | 20.4.2024 18:05:04 |

32. اگر والدین نے ایک سیکنڈری اسکول کا انتخاب کیا ہے جو اس مختص سائکل میں SSPA سسٹم کے تحت S1 جگہیں پیش نہیں کرتا ہے، تو اس اسکول کے انتخاب پر کارروائی نہیں کی جائے گی

**پیپر چوائس فارمز کا پُر کیا جانا**

33. **حصہ A** کو پُر کرتے وقت، والدین کسی اسکول نیٹس (طالب علم کے اسکول نیٹ سمیت) میں سے ایک سے تین سیکنڈری اسکولوں کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ والدین کو چاہئے کہ **کتابچہ** سے رجوع کریں اور کتابچہ میں دئیے ہوئے تین ہندسوں والے اسکول کوڈ کو اپنی ترجیحی ترتیب کے مطابق چوائس فارم کے خانوں کو پُر کریں۔ کمپیوٹر حصہ B کے "اسکولوں کے انتخابات" پر کارروائی کرنے سے پہلے حصہ A کے تمام طلباء کے اسکولوں کے انتخابات پر کارروائی کرے گا۔ اگر ایک طالب علم/طالبہ کو حصہ A میں کامیابی کے ساتھ ایک نشست دے دی گئی تو کمپیوٹر اس کے حصہ B کے انتخابات پر مزید کوئی کارروائی نہیں کرے گا۔

34. **حصہ B** کو پُر کرتے وقت، جہاں اسکولوں کے محدود انتخابات کئے جاتے ہیں، والدین کو چاہئے کہ **اسکول کی فہرست** میں دئیے گئے تین ہندسوں والے کوڈ سے رجوع کریں اور اسکولوں کے انتخابات کو اپنی ترجیحی ترتیب کے مطابق چوائس فارم کے خانوں کو پُر کریں۔ **والدین کو اپنی ترجیح کے لحاظ سے حصہ B میں اسکول نیٹ کے اسکولوں کو پُر کرنا چاہیے اور جس قدر ممکن ہو 30 چوائسز کو پُر کرنا چاہیے۔** اگر کمپیوٹر کسی طالب علم/طالبہ کے تمام انتخابات کی جانچ کرنے کے بعد اس کو ایک نشست نہیں دے سکتا، تو اسے اس کے انتخابات سے باہر ایک سیکنڈری اسکول[4] دے دیا جائے گا۔

35. والدین حصہ A میں کسی اسکول نیٹس میں سے اسکولوں کا انتخاب کر سکتے ہیں۔اگر حصہ A میں ان کے نشاندہی شدہ سیکنڈری اسکول ان کے بچے کے اسکول نیٹ میں واقع ہیں تو، وہ حصہ B میں ان اسکولوں کو شامل کر سکتے ہیں۔ تاہم والدین کو چاہیے کہ ایک ہی حصے میں ایک ہی اسکول کو بار بار منتخب نہ کریں۔ کمپیوٹر ایک ہی حصے میں ایک ہی اسکول کوڈ کے انتخابات پر صرف ایک مرتبہ ہی کاروائی کرے گا۔

36. والدین کو چاہئے کہ احتیاط سے پڑتال کریں کہ چوائس فارم میں درج شدہ اسکول کوڈ وہی ہیں جو کتابچہ اور اسکول کی فہرست میں شامل کئے گئے ہیں۔ غلط یا نا درست اسکول کوڈز پر کارروائی نہیں کی جائے گی۔ اس کے علاوہ، اگر والدین نے ایک ایسا سیکنڈری اسکول منتخب کیا ہو، جو تقسیم کے اس سائیکل (چکر) میں SSPA نظام کے تحت S1 نشستیں نہیں پیش کرتا ، تو اس اسکول کے انتخاب پر کارروائی نہیں کی جائے گی۔

37. اگر والدین کو صوابدیدی نشستوں کیلیے کامیاب فہرستوں میں ان کے بچے کے شامل کرنے کی SSPA میں حصہ لینے والے سیکنڈری اسکولوں کے ذریعہ مطلع کیا گیا ہو یا ان کے بچوں کو Jockey Club Ti-I College میں داخل کیا گیا ہو تو انہیں صرف رابطہ کی معلومات پُر کرنے کے بعد اسکول انتخابات سے متعلق حصوں پر لکیر کھینچنی ہوگی اور چوائس فارم پر دستخط کرنا پڑتا ہے اور اسکول کے انتخاب پر ان حصوں کو کراس کرنا پڑتا ہے تاکہ اس بات کی نشاندہی کی جاسکے کہ انہیں اسکول کا انتخاب نہیں کرنا پڑتا (براہ کرم ذیل میں دیا ہوا

[4] براہ راست امداد والے اسکولوں (DSS) اور ان اسکولوں کے علاوہ جن پر یہ تبصرہ درج ہو "طلباء کو اس اسکول میں نشست نہیں دی جائے گی، تاوقتیکہ انہوں نے اس کو اپنے انتخابات میں شامل نہ کیا ہو۔"

ڈایا گرام دیکھیں)۔ دوسری طرف ، اگر طالب علم کو NDSS سیکنڈری اسکول کے ذریعہ داخل کیا جاتا ہے اور اس کے والدین میں سے ایک  نے والدین کی انڈرٹیکنگ پر دستخط کیے ہیں اور اس نے پرائمری 6 اسٹوڈنٹ ریکارڈ فارم کو اسکول میں سپرد کردیا ہے، یا دیگر اسکولوں (مثلا بین الاقوامی اسکولوں یا نجی اسکولوں) کی طرف سے داخل کیا گیا ہے اور CA میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کیا، اس کے والدین کو CA میں حصہ نہ لینے کی نیت کی نشاندہی کرنے کے لیے رابطہ کی معلومات پُر کرنے کے بعد اسکول انتخابات سے متعلق حصوں پر لکیر کھینچنی ہوگی اور چوائس فارم  پر دستخط کرنا چاہیے (براہ کرم ذیل میں ڈایاگرام دیکھیں)۔


甲部 不受學校網限制的學校選擇
Part A Unrestricted School Choices

這部分可選擇任何學校網的學校，包括學生所屬學校網。請參閱《不受學校網限制選校手冊》，並依選擇的優先次序填上學校編號。電腦會先處理甲部的學校選擇。
You may select schools from ANY school nets, including the student's school net. Please refer to the "Handbook for Unrestricted School Choices" and enter the School Codes in order of preference. The school choices in Part A will be processed first.

| | 第一選擇 First Choice | 第二選擇 Second Choice | 第三選擇 Third Choice |
|---|---|---|---|
| 學校編號 School Code | | | |

乙部 按學校網的學校選擇
Part B Restricted School Choices

學生所屬學校網 Student's School Net: HK2

請參閱學生所屬學校網的《中學一覽表》，並依選擇的優先次序填上網內的學校編號。學生如未獲分配甲部選填的學校，電腦便會處理乙部的學校選擇。
Please refer to the "Secondary School List" and enter the School Codes within student's school net in order of preference. The school choices in Part B will be processed if students are not allocated school places in Part A.

| 選擇次序 Order of Preference | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 學校編號 School Code | | | | | | | | | | |

| 選擇次序 Order of Preference | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 學校編號 School Code | | | | | | | | | | |

| 選擇次序 Order of Preference | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 學校編號 School Code | | | | | | | | | | |

本人聲明，表內所選填的學校為本人閱讀《統一派位家長須知》後自願填寫的。
I certify that I have read the "Notes for Parents on Central Allocation" and I have made the above choices at my own will.
本人同意教育局透過電話短訊形式(SMS)通知學生的派位結果予本人。本人可接收 SMS 的手提電話號碼已填寫在右邊的方格內〔如不同意接收 SMS 請留空此方格〕。
Consent is given for the Education Bureau to inform me of the allocation results of the student via SMS message. My mobile phone number which can receive SMS is provided in the box on the right (please leave the box blank if you do not wish to receive SMS).
XXXX 9876

家長/監護人簽署 Signature of Parent/Guardian: Chan T M
日期 Date: XX/XX/2024
家長/監護人姓名〔請用正楷填寫〕Name of Parent/Guardian (In BLOCK Letters): Chan Tai Man
住址 Home Address: Flat XX, XX Floor, XX Building, XX Road, HK
聯絡電話 Contact Tel. No.: XXXX XXXX

اگر والدین کوئی بھی انتخاب نہ کریں اور چوائس فارم پر CA میں حصہ نہ لینے کی نشاندہی نہ کریں ، اور طلباء کو نہ تو DP  کے مرحلے پر اسکول کی جگہ مختص کی جائے گی، اور نہ ہی اسے Jockey Club Ti-I NDSS / College سیکنڈری اسکولوں میں داخلہ دیا جائے گا، طلبا کو قائم شدہ مختص طریقہ کار کے مطابق اسکول کی نشستیں مختص کی جائیں گی۔

38. اسکول کوڈز کو درج کرنے کے بعد، والدین کو چاہئے کہ والدین/ سرپرست کا نام ، گھر کا پتہ (اگر کراس نیٹ تقسیم منظور ہو گئی ہو، تو گھر کا ایک نیا پتہ مہیا کرنا چاہئے)، گھر کا ٹیلیفون نمبر اور رابطے کا دوسرا نمبر جلی حروف میں پُر کریں اور پھرچوائس فارم پر دستخط کریں۔ براہ مہربانی دھیان رکھیں کہ چوائس فارم تبھی کارآمد ہوگا اگر اس پر والدین/ سرپرست کے دستخط موجود ہوں گے۔

## دیگر یاد رکھنے کے نکات

39. براہ مہربانی نوٹ کریں کہ SSPA e-Platform صارفین کے طور پر مندرج والدین اس دور (یعنی 9 جولائی 2024) کے تفویضی نتائج کے اعلان کے لیے، صبح 10 بجے سے شروع ہونے والی SSPA e-Platform کے ذریعے تفویضی نتائج دیکھ سکتے ہیں۔ EDB مسلسل اسی دن صبح 10 بجے سے شروع کرتے ہوئے SMSپیغامات کے ذریعے والدین کو ان کے بچے کو تفویضی نتائج سے بھی آگاہ کرے گا۔ متعلقہ SMS پیغام وصول کرنے کے خواہش مند والدین کو موبائل فون نمبر فراہم کرنا چاہیے جو چوائس فارم پر مخصوص باکس میں SMS پیغامات وصول کرسکتے ہیں (براہ مہربانی نیچے دیے گئے ڈایاگرام سے رجوع کریں)۔ P6 طلباء کے لیے اپنے زیر تعلیم پرائمری اسکولوں سے ان کے تفویض کے نتائج اکٹھا کرنے کے انتظامات نیز تفویض کے نتائج کے اعلان سے متعلق انتظامیہ کے دیگر انتظامات، بدستور برقرار رہیں گے۔

SSPA e-Platform پر چوائس فارم کے اوپر مخصوص جگہ


**Parent / Guardian Information**

Name of Parent / Guardian

Email

Home Address

Contact Tel. No.

☐ Consent is given for the Education Bureau to inform me of the allocation results of the student via SMS message. My mobile phone number which can receive SMS is provided in the box below (please leave the box blank if you do not wish to receive SMS).

Mobile Phone No. to receive SMS message

پیپر چوائس فارم کے اوپر مخصوص باکس


School Code

本人聲明，表內所選填的學校為本人閱讀《統一派位家長須知》後自願填寫的。
I certify that I have read the "Notes for Parents on Central Allocation" and I have made the above choices at my own will.

本人同意教育局透過電話短訊形式(SMS)通知學生的派位結果予本人。本人可接收 SMS 的手提電話號碼已填寫在右邊的方格內〔如不同意接收 SMS 請留空此方格〕。
Consent is given for the Education Bureau to inform me of the allocation results of the student via SMS message. My mobile phone number which can receive SMS is provided in the box on the right (please leave the box blank if you do not wish to receive SMS).

9876 xxxx

家長/監護人簽署 Signature of Parent/Guardian: Chan T M
日期 Date: XX/XX/2024
家長/監護人姓名〔請用正楷填寫〕 Name of Parent/Guardian (In BLOCK Letters): Chan Tai Man
住址 Home Address: Flat XX, XX Floor, XX Building, XX Road, HK
聯絡電話 Contact Tel. No.: XXXX XXXX

40. والدین کی جانب سے چوائس فارم میں فراہم کردہ ڈیٹا کو اسکول کی نشستوں کی تقسیم اور دیگر متعلقہ تعلیمی مقاصد کے لئےاستعمال کیا جائے گا۔ حاصل شدہ دیٹا کو معلومات کی تصدیق اور دیگر متعلقہ تعلیمی مقاصد کے لئے حکومت کے دیگر محکموں یا اس اسکول، جس میں طالب علم کو نشست دی گئی ہو/ منتقل کیا گیا ہو، کے سامنے بھی افشاء کیا جا سکتا ہے۔ والدین کو چاہئے کہ چوائس فارم میں مطلوبہ ڈیٹا لازماً فراہم کریں۔ اگر فراہم شدہ معلومات نامکمل ہوں، تو ہو سکتا ہے EDB اسکول نشستوں کی درخواست پر کارروائی کرنے کے قابل نہ ہو سکے۔

41. اسکولوں کے انتخابات سے قبل، والدین کو چاہیے کہ SSPA سسٹم 2022/2024 دور سے متعلق ویڈیو دیکھیں جو کہ EDB کے ہوم پیج (http://www.edb.gov.hk) ( Select: Education System and Policy > Primary and Secondary Education > School Places Allocation Systems > Secondary School Places Allocation (SSPA) System)پر اپلوڈ کی گئی ہے، یا SSPA سسٹم کی تفصیلات کے لیے اوپر دیے گئے طریقے پر عمل کریں۔

42. والدین اسکولوں کی معلومات کے لئے سیکنڈری اسکولوں کی 2023/2024کی پروفائلز (ذاتی خاکوں) سے بھی رجوع کر سکتے ہیں۔ چونکہ ہو سکتا ہے کہ دسمبر 2023 میں تقسیم شدہ سیکنڈری اسکولوں کی 2023/2024کی پروفائلز کے مطبوعہ نسخوں میں نئے اضافہ شدہ اسکول یا اسکولوں کے بارے میں تازہ ترین معلومات شامل نہ ہوں، اس لئے والدین کو چاہئے کہ تازہ ترین معلومات اور متعلقہ اسکولوں کی حالیہ ترقی بشمول ان کی کلاسوں کے ڈھانچے اور پیش کردہ مضامین کے لئے سیکنڈری اسکول پروفائلز 2023/2024 کی تازہ ترین ویب ورژن (http://www.chsc.hk/secondary/en) سے رجوع کریں۔ انفرادی سکولوں کی تعلیمی سال 2024/25 میں چلائی جانے والی S1 کلاسوں کی تعداد موجودہ تعلیمی سال کی تعداد سے مختلف ہو سکتی ہے۔

**اہم تاریخیں**

43. SSPA 2022/2024 کے لئے تقسیم شدہ سیکنڈری اسکولوں کے ساتھ طلباء کی رجسٹریشن کے اعلان کی تاریخیں حسب ذیل ہیں:

| | |
|---|---|
| تفویض دہی نتائج کا اعلان: | 9 جولائی 2024 |
| طلباء کی رجسٹریشن: | 11 اور 12 جولائی 2024 |

**استفسارات**

44. اگر والدین کے پاس چوائس فارم کو مکمل کرنے سے متعلق کوئی سوالات ہوں، تو انہیں بچے کے اسکول سے رابطہ کرنا چاہئے۔ والدین SSPA نظام سے متعلق معلومات کے لئے EDB کی خود کار سروس برائے استفسارات کو 2891 0088 پر فون بھی کر سکتے ہیں۔ مزید استفسارات کی صورت میں، والدین EDB کے اسکولوں کی نشستوں کی تقسیم کے سیکشن (سیکنڈری اسکولوں کی نشستوں کی تقسیم) سے 2832 7740 یا 2832 7700 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

سکول پلیسز ایلوکیشن سیکشن کی جانب سے تیار کردہ
ایجوکیشن بیورو (Education Bureau)
(مطبوعہ مارچ 2024)